رہبر معظم نے لاریجانی کو مجمع تشخیص مصلحت کا رکن مقرر کردیا - 28 /May/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے علی لاریجانی کو رہبری کا مشیر اور مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن مقرر کردیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب آقائ ڈاکٹر علی لاریجانی دامت توفیقاتہ

جنابعالی نے مختلف شعبوں میں، خاص طور پر ایرانی پارلیمنٹ کے تین ادوار میں اسپیکر کے عہدہ پر رہ کر مفید تجربات حاصل کئے ہیں لہذا میں آپ کے مفید تجربات کے پیش نظر آپ کو رہبری کا مشیر اور مجمع تشخیص مصلحت نظام کا رکن مقرر کرتا ہوں ۔ امید ہے کہ آپ اس مقام پر بھی آپ کی خدمت انقلاب اسلامی کے اعلی اہداف کے لئۓ مفید ثابت ہوگیـ

والسلام علیکم

سیّدعلی خامنه‌ای

۸ خرداد ۱۳۹۹